# ناؤ چلی


ایک باتصویر کہانی

ایکلویہ



وی. سُتے یئو

# ناؤ چلی



ایک باتصویر کہانی

وی سُتئیئو

ایکلویہ کی اشاعت



# ناؤ چلی

# नाव चली

NAV CHALEE

*स्टोरीज़ एण्ड पिक्चर्स* की एक चित्रकथा

**चित्र एवं कहानीः** वी. सुतेयेव
उर्दू अनुवादः मंज़ूर एहतेशाम
टाइपसेटिंगः हनीफ अव्वल
सम्पादकीय सलाहः अनवारे इस्लाम

मार्च 2009/10000 प्रतियाँ

100 gsm मेपलिथो व 130 gsm आर्ट कार्ड (कवर) पर प्रकाशित।

पराग इनिशिएटिव, सर रतन टाटा ट्रस्ट के वित्तीय सहयोग से विकसित।

ISBN: 978-81-89976-30-9

मूल्यः 15.00 रुपए


यह किताब हिन्दी/अँग्रेज़ी में भी उपलब्ध है।

**प्रकाशकः एकलव्य**

ई-10, बीडीए कॉलोनी शंकर नगर,
शिवाजी नगर, भोपाल - 462016 (म.प्र.)
फोनः (0755) 255 0976, 267 1017 फैक्सः (0755) 255 1108
www.eklavya.in
सम्पादकीयः books@eklavya.in
किताबें मँगवाने के लिएः pitara@eklavya.in

मुद्रकः आर. के. सिक्युप्रिंट प्रा. लि., फोन 0755-2687 589

# ناؤ چلی




ایک مینڈک، ایک چوزہ، ایک چوہا، ایک چیونٹی اور ایک گُبریلہ
سب سیر کو نکلے۔
چلتے - چلتے وہ ایک جھیل کے کنارے پہنچے۔



’’چلو تیریں،‘‘ کہہ کر مینڈک پانی میں کود گیا۔




''پر ہم کو تو تیرنا نہیں آتا،'' چوزہ، چوہا، چیونٹی اور گبریلے نے کہا۔
''ٹرٹرٹر۔ پھر تمہارا تو یہاں کوئی کام نہیں۔'' مینڈک
ہنسنے لگا۔ اور وہ ہنستا گیا۔ اتنا ہنسا کہ اس کی سانس اٹکنے لگی۔



چوزے، چوہے، چیونٹی اور گُبریلے کو بہت برا لگا۔ انھوں نے کوئی طریقہ سوچنے کی کوشش کی۔

وہ سوچتے گئے، سوچتے گئے، سوچتے گئے۔ اور پھر انھوں نے یہ ترکیب نکالی۔

چوزہ گیا اور جلدی
ہی ایک پتّا لیکر
واپس لوٹا





چوہا ایک اخروٹ
کا چھلکا لے
آیا۔

چیونٹی ایک سرکنڈا لے آئی۔



اور گُبریلہ کالے دھاگے کا

ایک لمبا ٹکڑا لے آیا۔





پھر وہ سب کام میں لگ گئے۔ انھوں نے سرکنڈے کو اخروٹ کے چھلکے کے اندر پھنسا دیا۔ اور پتّی کو دھاگے سے اس میں باندھ دیا۔ ایک منٹ میں ہی خوبصورت ناؤ تیار ہو گئی۔



انھوں نے اسے پانی میں دھکایا اور اس پر چڑھ گئے۔
اور چل پڑی ان کی ناؤ۔




مینڈک نے اپنا
سِر پانی میں سے
باہر نکالا

وہ پھر سے
ہنسنے ہی والا تھا،
پر ناؤ تو
بہت - بہت دور نکل گئی تھی۔

اتنی دور کہ اب وہ اس تک پہنچ
ہی نہیں سکتا تھا۔





ایک لویہ کی اشاعت

parag

A1004U

ISBN: 978-81-89976-30-9

9 788189 976309

मूल्य: 15.00 रुपए